تعارف و تبصرۂ کتب

○ نماز برائی سے روکتی ہے؟ کیسے؟ از: لطف الرحمٰن خان

قیمت: ۲۵ روپے' ملنے کا پتہ: مکتبہ سراج منیر' ایف / ۷ / ۲۸ رحمان پورہ لاہور

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ "نماز بے حیائی اور برائی کے کاموں سے روکتی ہے"۔ اس کے ساتھ ہی ہم دیکھتے ہیں کہ بہت سے لوگ جو سالہاسال سے نماز پڑھتے ہیں' بلکہ مکلف ہونے کے بعد سے جن کی کوئی نماز قضا نہیں ہوئی اور ان کے ماتھوں پر سجدے کے نشانات ہیں' وہ بہت سے منکرات کا شکار ہیں۔ تو کیا معاذ اللہ' قرآن کا دعویٰ صحیح نہیں؟ ایسا سوچنا بھی کفر ہے۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ علم و حکمت کے خزانوں کے مالک اور عالم الغیب والشہادہ ہیں۔ ان کا دعویٰ' ان کا ارشاد اور ان کا فرمان ہر شک و شبہ سے بالا ہے' لیکن نمازیوں کا مبتلائے خرابی ہونا بھی ایک امر واقعہ ہے اور یہ ایسا اشکال ہے جس نے بہت سے لوگوں کو پریشان کر رکھا ہے۔ دو دوست ایسی گفتگو کرتے ہیں تو جناب لطف الرحمٰن خان کوشش کرتے ہیں کہ اس اشکال کا حل پیش کر سکیں اور لاتعداد بڑے بوڑھوں اور جوانوں کے ذہن کو پریشان کرنے والے سوال کا جواب دے سکیں۔

لطف الرحمٰن خان روایتی معنوں میں بہت پڑھے لکھے نہ سہی' لیکن اہل دین کے قافلہ سے وابستگی نے بہت سے عقدے ان پر وا کر دئے ہیں اور وہ توفیق الٰہی سے لکھنے پڑھنے کے ہر دو میدانوں میں اپنا ایک مقام بنا چکے ہیں۔ ۱۴۲ صفحات کی اس کتاب میں انہوں نے ۱۴ بنیادی عنوانات کے تحت اس سوال کو حل کرنے کی سعی کی ہے اور ہمارے خیال میں وہ خاصے کامیاب ہوئے ہیں۔ انہوں نے نماز کی حقیقت' عمل و تجویز' نماز اور عمل خود تجویزی' نماز اور ذکر (جس کا جابجا اکٹھے تذکرہ ہے) نماز اور عمل جیسے عنوانات قائم کر کے مشوش ذہنوں کو الجھن سے نکالنے کی کامیاب کوشش کی ہے۔ انہوں نے "اصل وجہ" کا عنوان دے کر نمازیوں کے مختلف درجات قائم کئے ہیں اور نیت کی خرابی اور غفلت کو بنیاد بنایا ہے۔ ظاہر ہے کہ نیت کی خرابی سے سب کیا دھرا برباد ہو جاتا ہے تو غفلت کے نتیجہ میں انسان کے پلے کچھ نہیں پڑتا۔ سو جہاں "اصلاح نیت" کی ازبس ضرورت ہے وہاں "غفلت" کو دور کرنا بھی لازم ہے اور اس کے لئے ایک موثر طریقہ یہ بھی ہے کہ ہر کام کرنے والے کو معلوم ہو کہ وہ کیا کر رہا ہے؟ کیا پڑھ رہا ہے؟ کیا بول رہا ہے؟ گویا ایک نمازی مختلف ارکان کے دوران پڑھے جانے والے کلمات' قرآنی قصص' دعاؤں اور تسبیحات کے مفہوم سے واقف ہو کر بہت کچھ پا سکتا ہے۔

اس ضمن میں عربی زبان کی اہمیت اور اس کے آسان و مشکل ہونے کی بحث بھی سامنے آئی جو خاصی لائق توجہ ہے۔ پھر بقدر ضرورت بعض قرآنی سورتوں کے تراجم دے دئے گئے ہیں۔ اس طرح یہ ایک مجموعہ سامنے آگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولف کی محنت کا انہیں اجر دے اور عام مسلمان اس سے فائدہ اٹھائیں۔ امید ہے کہ اس رسالہ کی قدر کی جائے گی۔

(محمد سعید الرحمٰن علوی)